کل نمبر:25 — **اُردو (ہشتم) دوہرائی ٹیسٹ** — **وقت:25 منٹ**

دوسرا مہینا، پہلا ہفتہ، چھٹا دن	**سلیبس**: دُہرائی ٹیسٹ (پہلا ہفتہ)

(حصہ اوّل)

سوال نمبر1: درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔ **(13)**

1۔ چغل خور نے کِسان کے خاندان میں:

(الف)	لڑائی کرادی	(ب)	دوستی کرادی	(ج)	صلح کرادی	(د)	نئی رسم متعارف کرادی

2۔ چغل خور کی بات سن کر کِسان کے سالوں کو:

(الف)	ہنسی آئی	(ب)	غصہ آیا	(ج)	مزا آیا	(د)	رونا آیا

3۔ درست تلفظ والا لفظ ہے:

(الف)	نمک۔ین	(ب)	ن۔م۔ک۔ی۔ن	(ج)	نم۔کی۔ن	(د)	تمام درست

4۔ ''ہاتھ دھونا'' کا مطلب ہے:

(الف)	کھانا کھانے کے لیے ہاتھ دھونا	(ب)	صبح سویرے اٹھ کر ہاتھ منھ دھونا
(ج)	وضو کے لیے ہاتھ دھونا	(د)	کِسی شے سے محروم ہونا

5۔ چغل خور کو کِسان کے ہاں ملازم ہوئے بیت چکے تھے:

(الف)	چھے ماہ	(ب)	پانچ ماہ	(ج)	چار ماہ	(د)	تین ماہ

6۔ چغل خوری کا عام فہم مطلب ہے:

(الف)	چوری کرنا	(ب)	لگائی بجھائی کرنا	(ج)	ڈکیتی کرنا	(د)	مار کٹائی کرنا

7۔ چغل خور نے کِسان کی بیوی سے بولا:

(الف)	سچ	(ب)	آدھا سچ	(ج)	جھوٹ	(د)	آدھا جھوٹ

8۔ چغل خور نے کِسان کی بیوی سے کہا کِسان کو مرض ہو گیا ہے:

(الف)	تپ محرقہ	(ب)	ٹی بی	(ج)	کورونا	(د)	کوڑھ

9۔ چغل خور نے کسان سے اجازت لی کہ وہ اُس کی چغلی کھائے گا۔

(الف)	چھے ماہ بعد	(ب)	سات ماہ بعد	(ج)	آٹھ ماہ بعد	(د)	ایک سال بعد

10۔ ''میں ہر روز سکول جاتا ہوں۔'' جملے میں فعل کی نشان دہی کریں۔

(الف)	میں	(ب)	جاتا ہوں	(ج)	ہر روز	(د)	سکول

☆ **درج ذیل پیراگراف پڑھ کر سوالات 12،11 اور 13 کے جواب دیں۔**

دراصل وہ اپنی عادت سے مجبور تھا اور اسی عادت کی وجہ سے اُسے اپنی ملازمت سے بھی ہاتھ دھونا پڑے تھے۔ چناں چہ

اب وہ بے کار تھا۔ اس نے دوسری ملازمت کی بہتیری کوشش کی مگر کامیاب نہ ہوسکا۔ اس نے نوکری اور مزدوری کی سرتوڑ کوشش شروع کردی کہ کہیں فاقوں کی نوبت نہ آجائے مگر مصیبت یہ تھی کہ چغل خور ہونے کی وجہ سے اسے کوئی بھی اپنے پاس ملازم رکھنے پر تیار نہ تھا۔ گاؤں کے تمام لوگ اس کی چغلی کرنے کی عادت کے بارے میں جانتے تھے۔ اس لیے اسے کوئی بھی منھ نہ لگاتا تھا۔ آخر جب مسلسل ناکامیوں سے تنگ آ گیا اور نوبت واقعی فاقوں تک آ پہنچی تو اس نے دل میں سوچا: ''اس گاؤں کو چھوڑ دینا چاہیے اور کہیں اور چل کر قسمت آزمانی چاہیے''

11۔ مندرجہ بالا پیراگراف کِس سبق سے لیا گیا ہے؟

(الف)	تبسم کے پھول	(ب)	قدرتی آفات	(ج)	چغل خور	(د)	مناظرِ پاکستان

12۔ ''منھ نہ لگانا'' قواعد کی رو سے ہے:

(الف)	جملہ	(ب)	ضرب المثل	(ج)	روزمرہ	(د)	محاورہ

13۔ ''سرتوڑ کوشش کرنا'' کا معنی ہے:

(الف)	ان تھک جدوجہد کرنا	(ب)	دردِ سر کی صورت میں سر کو دبانا
(ج)	باتیں کر کے سر کھانا	(د)	کام کرتے وقت سر میں درد ہونا

حصہ دوم اور سوم میں سے ایک ایک سوال پوچھا جائے گا تمام سوالات لازمی ہیں ہر سوال کے 6 نمبر ہوں گے۔ (کل نمبر 12)

(حصہ دوم)

سوال نمبر1: ''وقت کی پابندی'' کے عنوان پر مضمون لکھیں۔

سوال نمبر2: فعل کی تعریف کریں اور مثالیں دیں۔

(حصہ سوم)

سوال نمبر1: ہیڈ ماسٹر صاحب کے نام رخصت برائے شمولیت شادی تحریر کریں۔

سوال نمبر2: محاورے درست کریں۔

گریبان چڑھانا   ہرے باغ دکھانا   تاروں سے باتیں کرنا   گدھے بیچ کر سونا   ہتھیلی پر تیل جمانا